پاکستان کی تعمیر کرنا ہے

اسکو ہمیشہ سربلند رکھنا ہے

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ

محکمہ اطلاعات و تعلقات عامہ

پریس ریلیز

تاریخ 14/11/2023

حوالہ نمبر TMC/G/INF/0016/23

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ نے کہا کہ علاقے سے وابستہ مسائل کو حل کرانا ہماری ذمہ داری ہے جو جس کا کام ہے وہ اپنے فرائض بروقت ادا کریں تو مسائل میں حیرت انگیز کمی آسکتی ہے جب ارادے مضبوط ہو تو منزل ضرور ملتی ہے اسی سوچ کو لے کر ہم آگے چل رہے ہیں مشکل کام بھی (اللہ پاک) کے فضل و کرم سے حل ہو جاتے ہیں گڈاپ ٹاؤن میں رہنے والی عوام کو بلدیاتی سہولیات فراہم کرنا ہماری اولین فرائض میں شمار ہوتا ہے گڈاپ ٹاؤن کی تمام یو سیز میں دیگر کاموں کے ساتھ صفائی ستھرائی اور اس سے منسلک مسائل کو کونسل ممبران کی مشاورت سے سرانجام دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے خریدا گیا سینیٹیشن سامان کا معائنہ اور تقسیم کرتے ہوئے کیا، میونسپل کمشنر احمد یار نے کہا کہ تمام یو سیز میں ترجیحاتی بنیاد پر کام کیا جائے تاکہ صفائی ستھرائی کا مسئلہ فوری حل ہو جائے اور گڈاپ ٹاؤن کی عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑیں محکمہ سینیٹیشن کا عملہ اپنی ڈیوٹی پابندی سے ادا کر رہا ہے اس موقع پر افسر مالیات افتخار احمد دایو، ڈائریکٹر HRM حاجی شریف شیخ، ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن افضل لغاری، ڈائریکٹر پرچیز سہیل یار خان و دیگر موجود تھے۔

جاری کردہ

ڈائریکٹر انفارمیشن

رضوان صابر

0321-2271149

ٹاؤن میونسپل کارپوریشن گڈاپ کے چیئرمین طارق عزیز بلوچ ٹاؤن میونسپل کمشنر احمد یار سینیٹیشن سامان تقسیم کر رہے ہیں اس موقع پر ڈائریکٹر سینیٹیشن اشرف بلوچ، ڈپٹی ڈائریکٹر سینیٹیشن افضل بخاری موجود ہیں